# FEMA اور NYC HRA کی COVID-19 کے حوالے سے تدفین میں معاونت:
# انتقال کے سرٹیفیکیٹ کی نیویگیشن کا عمل

**میں وفاقی ایمرجنسی مینجمینٹ ایکٹ (Federal Emergency Management Act, FEMA) کے COVID-19 کے حوالے سے تدفین میں مدد یا نیویارک سٹی ہیومن ریسورس مینجمینٹ (Human Resource Administration, HRA) کے COVID-19 تدفین میں مدد کے پروگراموں میں کیسے درخواست دوں؟**

- FEMA COVID-19 تدفین میں مدد کے پروگرام میں درخواست دینے کے لیے fema.gov/disasters/coronavirus/economic/funeral-assistance ملاحظہ کریں۔
- NYC HRA COVID-19 تدفین میں مدد کے پروگرام میں درخواست دینے کے لیے، www1.nyc.gov/site/hra/help/burial-assistance.page ملاحظہ کریں۔

**وفات کی وجہ ظاہر کرنے والے انتقال کے سرٹیفکیٹ کی درخواست دینے کا کون اہل ہے؟**
متوفی کے ساتھ صرف مندرجہ ذیل رشتے رکھنے والے ہی انتقال کے سرٹیفکیٹ اور وفات کی وجہ دونوں کی درخواست کر سکتے ہیں: شریک حیات، گھریلو ساتھی، والدین، بچہ، بہن بھائی، دادا دادی یا نانا نانی، نواسہ یا نواسی، سرٹیفکیٹ میں درج اطلاع دہندہ اور تدفین یا آخری رسومات کا ذمہ دار شخص۔

**میں ایسا انتقال کا سرٹیفکیٹ کیسے حاصل کروں جو NYC میں کسی انتقال کرنے والے کی وفات کی وجہ بیان کرتا ہو؟**
NYC محکمہ صحت و ذہنی حفظان صحت (NYC محکمہ صحت) NYC کی بوروز ( Queens ،Manhattan Bronx ،Brooklyn، اور Staten Island) میں ہونے والی اموات کے لیے انتقال کے سرٹیفیکیٹ جاری کرتا ہے اور یہ سرٹیفیکیٹ تب دستیاب ہوتے ہیں جب کسی طبی سہولت کی جانب سے کسی شخص کے انتقال کی اطلاع دی گئی ہو اور NYC محکمہ صحت کی جانب سے کیس کا اندراج کر لیا گیا ہو۔

اگر جنازگاہ شامل ہو تو انتقال کا سرٹیفیکیٹ حاصل کرنے کا تیز ترین طریقہ اس فیونرل ڈائریکٹر سے حکم نامہ لینا ہے جس نے جنازے کے انتظامات کیے۔ فیونرل ڈائریکٹر کسی فرد کی موت کے دو سال بعد تک آپ کی ایماء پر موت کے سرٹیفکیٹ کا حکم نامہ جاری کر سکتا ہے۔ اس بات کی درخواست کرنا یقینی بنائیں کہ وہ انتقال کی وجہ کی رپورٹ کے ساتھ اس کا حکم نامہ جاری کرتے ہیں۔

اگر جنازگاہ ابھی شامل نہیں یا آپ فیونرل ڈائریکٹر سے انتقال کے سرٹیفکیٹ کا آرڈر حاصل کرنے میں ناکام رہتے ہیں تو آپ یہ vitalchek.com پر آن لائن بھی آرڈر کر سکتے ہیں۔ انتقال کا سرٹیفکیٹ آرڈر کرنے کے حوالے سے اضافی معلومات کے لیے NYC محکمہ صحت کا انتقال کے سرٹیفکیٹ کے بارے میں ویب پیج دیکھیں۔ جب آپ آرڈر کرنے کی وجہ میں "FEMA Covid-19 Relief" (FEMA COVID-19 ریلیف) منتخب کرتے ہیں تو انتقال کی وجہ کی رپورٹ خود بخود آپ کے آرڈر میں شامل ہو جائے گی۔

**انتقال کے سرٹیفکیٹ کی فیس کیا ہے؟**
ہر مستند نقل کی لاگت $15 ہے۔ اضافی فیس تب لاگو ہوتی ہے جب انتقال کے سرٹیفکیٹ کی درخواست آن لائن کی جائے۔

**کیا مجھے انتقال کے ریکارڈ کی مستند نقل موصول ہو گی؟**
جی ہاں۔NYC محکمہ صحت اصل انتقال کے سرٹیفکیٹ کی مستند نقل جاری کرے گا۔ سرٹیفکیٹ کا مستند ہونا یقینی بنانے کے لیے NYC کے مستند انتقال کے سرٹیفکیٹ میں متعدد سکیورٹی خصوصیات شامل ہیں۔ اگر آپ وجہ انتقال کی رپورٹ (اوپر دیکھیں) کے اہل ہیں تو آپ کو انتقال کی وجہ بتانے والی "Confidential Medical Report"

(رازدارانہ طبی رپورٹ) بھی موصول ہو گی۔ یہ دستاویز لواحقین کے نام اور انتقال کے سرٹیفکیٹ کا نمبر بھی دکھاتی ہے اور بانڈ پیپر پر پرنٹ ہوتی ہے۔

**اگر انتقال کے سرٹیفکیٹ پر انتقال کی وجہ درج نہ ہو تو میں وجہ انتقال کی درخواست کیسے کروں؟**
براہ کرم جب آپ انتقال کے سرٹیفکیٹ کا آرڈر دیں تو براہ کرم وجہ انتقال کی بھی درخواست دیں۔

**کیا وجہ انتقال کی کوئی الگ فیس ہے؟**
نہیں، وجہ انتقال کی کوئی الگ فیس نہیں ہے۔

**اگر وجہ انتقال "pending" (زیر التوا) ظاہر ہو تو میں کیا کروں؟**
اگر وجہ انتقال "pending" (زیر التوا) ظاہر ہو تو آپ اصل انتقال کے سرٹیفکیٹ کے اجراء کی تاریخ کے تین ماہ کے اندر انتقال کا سرٹیفکیٹ تبدیل کر سکتے ہیں۔ اجراء کی تاریخ انتقال کے سرٹیفکیٹ کے بالکل نیچے درج ہوتی ہے۔ آپ آن لائن بھی انتقال کی وجہ دکھانے والے انتقال کے سرٹیفکیٹ کی درخواست کر سکتے ہیں، جو انتقال کا سرٹیفکیٹ تبدیل کرنے کی نسبت آپ کو جلد موصول ہو جائے گا۔

**جب کسی فرد کی وفات COVID-19 سے ہوئی ہو تو انتقال کا سرٹیفکیٹ انتقال کی وجہ قدرتی وجوہات کیوں بتاتا ہے؟**
اپریل 2020 میں، سینٹرز برائے بیماریوں کا کنٹرول اور روک تھام نے تعین کیا تھا کہ COVID-19 کی بیماری کے نتیجے میں ہونے والے انتقال میں انتقال کا طریقہ تقریباً ہمیشہ قدرتی ہی بتایا جائے گا۔

**اگر وجہ انتقال "COVID-19" نہ ظاہر ہو تو میں کیا کروں؟**
وہ درخواست دہندگان جنہوں نے 20 جنوری سے 16 مئی 2020 کے درمیان COVID-19 سے متعلق آخری رسومات کے اخراجات اٹھائے ہیں، وہ ایسا انتقال کا سرٹیفکیٹ پیش کر سکیں گے جو انتقال کو COVID-19 کے ساتھ منسوب نہیں کرتا، اور اس کے ساتھ انتقال کے سرٹیفیکیٹ پر درج سندی عہدیدار، کورونر یا طبی معائنہ کار کا انتقال کو COVID-19 سے منسوب کرنے کے حوالے سے دستخطی بیان موجود ہونا چاہیے۔ تحریری بیان میں انتقال کے سرٹیفکیٹ پر درج موت کی وجہ کو وائرس سے منسوب کرنے کے حوالے سے کارگر راہ یا وضاحت موجود ہونی چاہیے اور اسے انتقال کے سرٹیفکیٹ کے ساتھ پیش کیا جانا چاہیے۔

درخواست دہندگان انتقال کے سرٹیفکیٹ میں ترمیم کی درخواست کرنے کے لیے انتقال کی تصدیق کرنے والے طبی پیشہ ور یا طبی سہولت سے بھی رابطہ کر سکتے ہیں اگر وہ یہ جواز فراہم کر سکتے ہیں کہ انتقال کو COVID-19 سے منسوب کیا جانا چاہیے۔ اگر آپ انتقال کے سرٹیفکیٹ پر اطلاع دہندہ یا تدفین کے ذمہ دار فرد کے طور پر مندرج ہیں تو آپ نیویارک سٹی محکمہ صحت کو انتقال کی وجہ تبدیل کرنے کی درخواست جمع کروا سکتے ہیں۔ آپ کو کیا جمع کروانا ہو گا، اس بارے میں ہدایات اس ویب پیج پر عمومی سوالات میں " What is the process to correct a death certificate?" (انتقال کا سرٹیفیکیٹ درست کروانے کا طریقہ کیا ہے؟) پر دستیاب ہیں۔